# حرز حضرت امام زین العابدین علیہ السلام

ابن طاؤس نے مہج الدعوات میں دو مقامات پر یہ حرز امام زین العابدین علیہ السلام سے نقل کیا ہے:

**بِسْمِ اللهِ الرَّحْمنِ الرَّحِيمِ يَـا أَسْمَعَ السَّامِعِينَ، يَا أَبْصَرَ النَّاظِرِينَ، يَا أَسْرَعَ الْحاسِبِينَ، يَا أَحْكَمَ**

شروع خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے اے سننے والوں سے زیادہ سننے والے اے دیکھنے والوں سے زیادہ دیکھنے والے اے حساب کرنے

**الْـحـاكِـمِينَ، يَا خالِقَ الْمَخْلُوقِينَ، يَا رازِقَ الْمَرْزُوقِينَ، يَا ناصِرَ الْمَنْصُورِينَ، يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ،**

والوں میں تیز تر اے سب سے بڑے حاکم اے خلق شدہ چیزوں کے خالق اے رزق پانے والوں کے رازق اے مدد یافتہ لوگوں کے مددگار اے سب سے

**يَـا دَلِيلَ الْمُتَحَيِّرِينَ، يَا غِياثَ الْمُسْتَغِيثِينَ، أَغِثْنِي يَا مالِكَ يَوْمِ الدِّينِ، إِيَّاكَ نَعْبُدُ وَ إِيَّاكَ**

بڑھ کر رحم کرنے والے اے پریشان لوگوں کے رہنما اے فریادیوں کے فریادرس میری فریادرسی کر اے یوم جزا و سزا کے مالک ہم تیری ہی عبادت کرتے

**نَسْتَعِيـنُ، يَا صَرِيخَ الْمَكْرُوبِينَ، يَا مُجِيبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّينَ أَنْتَ اللهُ رَبُّ الْعالَمِينَ أَنْتَ اللهُ**

ہیں اور تجھی سے مدد مانگتے ہیں اے دکھیاروں کے فریاد رس اے دعا قبول کرنے والے تو ہی وہ اللہ ہے جو عالمین کا پروردگار ہے

**لاَ إِلـهَ إِلاَّ أَنْتَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِينُ، الْكِبْرِياءُ رِداؤُكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلى مُحَمَّدٍ الْمُصْطَفى**

تو ہی وہ اللہ ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو سچا اور حقیقی حکمران ہے کہ بڑائی تیرا لباس ہے اے معبود محمد مصطفیٰؐ پر رحمت نازل فرما

**وَعَـلـى عَلِيٍّ الْمُرْتَضى وَفاطِمَةَ الزَّهْراءِ، وَخَدِيجَةَ الْكُبْرى، وَالْحَسَنِ الْمُجْتَبى، وَالْحُسَيْنِ**

اور علیؑ مرتضیٰ پر رحمت نازل فرما اور فاطمہ زہراؑ اور خدیجہؑ الکبریٰ پر رحمت نازل فرما اور حسنؑ مجتبیٰ

**الشَّهِيـدِ بِـكَرْبَلاءَ،وَعَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ زَيْنِ الْعابِدِينَ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ الْباقِرِ وَجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ**

پر رحمت نازل فرما اور اس حسینؑ پر رحمت نازل فرما جو کربلا میں شہید ہوئے اور علیؑ ابن حسینؑ زین العابدینؑ اور محمد باقرؑ پر رحمت نازل فرما

**الـصَّـادِقِ وَمُـوسَـى بْنِ جَعْفَرٍ الْكاظِمِ، وَعَلِيِّ بْنِ مُوسَى الرِّضا، وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ التَّقِيِّ، وَعَلِيِّ**

اور جعفر صادقؑ اور موسیٰ کاظمؑ پر رحمت نازل فرما اور علی رضاؑ اور محمد تقیؑ پر رحمت نازل فرما اور علی نقیؑ

**بْـنِ مُـحَـمَّدٍ النَّقِيِّ وَالْحَسَنِ الْعَسْكَرِيِّ وَالْحُجَّةِ الْقائِمِ الْمَهْدِيِّ الْإِمامِ الْمُنْتَظَرِ صَلَواتُ اللهِ**

اور حسن عسکریؑ پر رحمت نازل فرما اور حجۃ القائمؑ امام مہدیؑ پر رحمت نازل فرما خدا کی رحمتیں ہوں ان سب پر

**عَـلَيْهِـمْ أَجْمَعِينَ. اَللّٰهُمَّ والِ مَنْ وَالاهُمْ، وَعادِ مَنْ عاداهُمْ، وَانْصُرْ مَنْ نَصَرَهُمْ، وَاخْذُلْ مَنْ**

اے معبود دوست رکھ اسے جو انہیں دوست رکھے اور دشمنی رکھ اس سے جو ان سے دشمنی رکھے اور مدد کر اس کی جو ان کی مدد کرے اور چھوڑ دے ان کو اور

خَذَلَهُمْ، وَالْعَنْ مَنْ ظَلَمَهُمْ، وَعَجِّلْ فَرَجَ آلِ مُحَمَّدٍ وَانْصُرْ شِيعَةَ آلِ مُحَمَّدٍ، وَارْزُقْنِي رُؤْيَةَ

لعنت کر ان پر جو ظلم کرے ور آلؑ محمدؐ کو کشادگی دینے میں جلدی کر اور آلؑ محمدؐ کے شیعوں کی مدد فرما اور مجھے قائم آلؑ محمدؐ کا دیدار نصیب فرما اور مجھ کو ان

قَائِمِ آلِ مُحَمَّدٍ، وَاجْعَلْنِي مِنْ أَتْبَاعِهِ وَأَشْيَاعِهِ وَالرَّاضِينَ بِفِعْلِهِ، بِرَحْمَتِكَ يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ.

کے پیروکاروں اوران کے مددگاروں اوران کے کام سے خوش ہونے والوں میں قرار دے اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

urdu.duas.org